# 49049 ۔ ایک حاجی عرفات میں فوت ہو گیا تو کیا اس کا یہ حج مکمل کیا جائے گا؟ یا بعد میں حج بدل ہو گا؟

### سوال

ایک حاجی عرفات میں  فوت ہو گیا تو کیا اس کا یہ حج مکمل کیا جائے گا؟ یا بعد میں حج بدل ہو گا؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"اس کی طرف سے حج نہیں کیا جائے گا؛ کیونکہ اس حاجی نے اپنے ذمہ واجب ادا کر دیا ہے،  نیز نبی صلی اللہ علیہ و سلم  سے جب ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کی اونٹنی نے اسے گرا کر  اس کی گردن توڑ دی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: (اسے بیری اور پانی سے غسل دو، اس کی احرام کی دو چادروں میں ہی کفن دو، اسے خوشبو مت لگا، نہ ہی اس کا سر ڈھانپو؛ کیونکہ اسے قیامت کے دن تلبیہ کہتے ہوئے اٹھایا جائے گا۔) آپ صلی اللہ علیہ و سلم نے یہ نہیں فرمایا کہ اس کی طرف سے حج مکمل بھی کرو۔" ختم شد

واللہ اعلم